رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دہلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA GORAKHPUR
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru

पेश है नया सोरो डिशवाश बार
बर्तन वही चमक नई
NEW Germs Cleaner SORO DISHWASH BAR
विदिशा® डिटर्जेन्ट पाउडर और केक का उत्कृष्ट उत्पाद
A Quality Product of Care Detergents Pvt. Ltd.
केयर डिटर्जेन्ट्स प्रा.लि. कानपुर फोन: 0512-2537704
NATRAJ

مختصر خبریں

سنجے جھا جنتا دل (یو) کے ورکنگ صدر مقرر

نئی دہلی (یو این آئی) جنتا دل (یونائیٹڈ) نے بہار سے راجیہ سبھا کے رکن سنجے جھا کو پارٹی کا ورکنگ صدر بنایا ہے۔ بہار میں پارٹی کے سینئر لیڈر مسٹر جھا کو ورکنگ صدر بنانے کا فیصلہ ہفتہ کو یہاں پارٹی سربراہ اور بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی صدارت میں منعقدہ پارٹی ایگزیکٹو میٹنگ میں کیا گیا۔ پارٹی کے ایک عہدیدار نے یو این آئی کو بتایا کہ مسٹر سنجے جھا کو پارٹی کا قومی ورکنگ صدر بنایا گیا ہے۔ لوک سبھا انتخابات 2024 کے بعد پہلی بار منعقدہ جے ڈی (یو) کی قومی ایگزیکٹو کی میٹنگ میں بہار کے آئندہ اسمبلی انتخابات کے لیے مشن 2025 کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مسٹر نتیش کمار نے خود مسٹر جھا کو پارٹی کا ورکنگ صدر بنانے کی تجویز پیش کی جسے میٹنگ میں موجود تمام لیڈروں نے متفقہ طور پر منظور کر لیا۔ پارٹی کا قومی ورکنگ صدر بنائے جانے کے بعد مسٹر جھا نے کہا کہ ہمارے لیڈر اور پارٹی کے قومی صدر، وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے مجھے ایک بہت بڑی ذمہ داری سونپی ہے۔ میں اس کا شکر گزار ہوں۔ مسٹر نتیش کمار نے بہار کو بدل دیا ہے۔ بہار کے لوک سبھا انتخابات میں ہم نے 40 میں سے 30 سیٹیں جیتی ہیں، ہم نے 243 اسمبلی سیٹوں میں سے 177 پر کامیابی حاصل کی ہے۔

کجریوال 12 جولائی تک عدالتی تحویل میں

نئی دہلی (ایس این بی) عدالت نے ایکسائز پالیسی سے متعلق بدعنوانی کے معاملے میں گرفتار وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو 12 جولائی تک عدالتی حراست میں بھیج دیا۔ سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) نے ہفتہ کو کجریوال کو تعطیلاتی جج سنینا شرما کی عدالت میں پیش کیا۔ انہوں نے جج سے کہا کہ کجریوال واضح طور پر جانکاری نہیں دے رہے ہیں۔ اس لیے انہیں عدالتی تحویل میں بھیجا جائے۔ ابھی ان سے پوچھ گچھ......(بقیہ صفحہ 4 پر)

دہلی اور جبل پور کے بعد اب راجکوٹ میں گری ہوائی اڈے کی چھت ▢ 3 دنوں میں تیسرا واقعہ

راجکوٹ، (ایجنسیاں)

دہلی اور جبل پور کے بعد اب گجرات کے راجکوٹ میں بھی ہوائی اڈہ کی چھت گرنے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ خبر لکھے جانے تک اس واقعہ میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔ واضح رہے کہ دہلی ایئرپورٹ کے ٹرمینل کی چھت گرنے سے ایک شخص کی موت واقع ہوگئی تھی۔ قابل ذکر ہے کہ راجکوٹ ایئرپورٹ کے نئے ٹرمینل کی عمارت کا افتتاح وزیر اعظم مودی نے جولائی 2023 میں ہی کیا تھا۔ اس ہوائی اڈہ کی توسیع 1400 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت سے کی گئی ہے۔ اطلاعات سامنے آ رہی ہیں کہ گجرات کے کئی علاقوں میں موسلا دھار بارش ہو رہی ہے۔ راجکوٹ میں شدید بارش ہو رہی ہے۔ اس کی وجہ سے راجکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے ٹرمینل کے باہر مسافروں کے پک اپ اور ڈراپ ایریا میں ایک طرف کی چھت گر گئی۔ دہلی میں گزشتہ روز ہی بارش کے دوران اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے ٹرمینل-1 کی چھت گر گئی تھی، جس کی وجہ سے ایک شخص کی موت ہوگئی تھی جبکہ کئی لوگ زخمی ہو گئے تھے۔ یہ حادثہ صبح تقریباً 5.00 بجے پیش آیا تھا۔ اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈہ کے ٹرمینل 1 پر گھریلو پروازوں کے لیے پارکنگ ایریا میں گاڑیوں کی قطار لگی ہوئی تھی۔ اس دوران اچانک ہوائی اڈہ کے ٹرمینل-1 پر چھت کا ایک بڑا حصہ نیچے گر گیا۔ گاڑی میں بیٹھے ایک ڈرائیور کی وہیں موت ہوگئی اور کئی لوگ زخمی ہو گئے۔

مدھیہ پردیش کے جبل پور میں جمعرات (27 جون) کو نئے تعمیر شدہ ڈومنا ہوائی اڈہ کے ڈراپ اینڈ گو ایریا میں ٹینسائل چھت پھٹ جانے کی وجہ سے پانی کا سیلاب آ گیا تھا۔ اس سیلاب میں ایک گاڑی تباہ ہوگئی تھی۔ اس واقعہ میں محکمہ انکم ٹیکس کا ایک اہلکار اور اس کا ڈرائیور بال بال بچ گئے۔ یہ ہوائی اڈہ 450 کروڑ روپے کی لاگت سے بنایا گیا تھا۔

بہار میں ایک اور زیر تعمیر پل کا ایک حصہ منہدم

مدھوبنی (یو این آئی) بہار کے مدھوبنی ضلع کے بھیجا تھانہ علاقہ کے مدھے پور بلاک میں بھوتہی ندی پر زیر تعمیر پل کا ایک حصہ ڈھلائی کے فوراً بعد شدید بارش کی وجہ سے گر گیا۔ سرکاری ذرائع نے ہفتہ کو یہاں بتایا کہ بھوتہی ندی پر یہ پل 2021 سے 3 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جا رہا ہے۔ دو روز قبل ہی پل کے گارڈر کی ڈھلائی ہوئی تھی کہ اچانک شدید بارش کے بعد بھوتہی ندی میں پانی کی سطح بڑھ گئی۔ جس کے باعث شٹرنگ پانی کے تیز بہاؤ میں بہہ گئی اور پل کا گرڈر بھی گر گیا۔ قابل ذکر ہے کہ مدھوبنی کو سپول ضلع سے جوڑنے کے لیے 75 میٹر لمبا پل بنایا جا رہا تھا۔ یہ پل پردھان منتری گرامین سڑک نرمان یوجنا کے تحت تعمیر کیا جا رہا تھا اور اس کی دیکھ بھال حکومت بہار کے دیہی امور کے محکمے کے ذریعے کی جا رہی تھی۔ دریں اثنا اپوزیشن لیڈر تیجسوی پرساد یادو نے بہار میں گزشتہ چند دنوں میں یکے بعد دیگرے پلوں کے گرنے پر نتیش کمار حکومت پر تنقید کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مسٹر نتیش کمار کی قیادت والی نیشنل ڈیموکریٹک الائنس (این ڈی اے) حکومت میں بدعنوانی عروج پر ہے، جس کی وجہ سے ریاست میں تمام تعمیراتی کام کاج میں خراب میٹریل کا استعمال کیا جا رہا ہے۔

2 گاڑیوں میں ٹکر، 7 افراد ہلاک

ممبئی، (ایجنسیاں) مہاراشٹر میں مراٹھواڑہ کے تحت ضلع جالنا کے کداوانچی گاؤں کے نزدیک جمعہ کی رات 2 گاڑیوں کے آپس میں ٹکرانے کے حادثہ میں 7 افراد کی موت ہوگئی اور 4 دیگر شدید طور پر زخمی ہو گئے۔ یہ اطلاع پولیس حکام نے ہفتہ کے روز دی ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ ناخوشگوار حادثہ کل رات تقریباً 23.00 بجے ممبئی-ناگپور ایکسپریس وے پر پیش آیا جب ناگپور سے ممبئی کی طرف......(بقیہ صفحہ 4 پر)

نیٹ معاملہ سی بی آئی نے گجرات میں 7 مقامات پر چھاپے مارے

این ٹی اے نے زیر التوا یا منسوخ شدہ امتحانات کے لئے نئی تاریخوں کا کیا اعلان ▢ 10 جولائی سے 4 ستمبر تک منعقد کئے جائیں گے

نئی دہلی/احمد آباد، (ایجنسیاں)

نیٹ پیپر لیک معاملے میں جانچ کی کارروائی سی بی آئی کی طرف سے بہت تیز کر دی گئی ہے۔ پہلے جھارکھنڈ کے ہزاری باغ میں چھاپہ ماری اور پوچھ گچھ کی کارروائی زور شور سے دیکھنے کو ملی، اب گجرات میں 7 مقامات پر سی بی آئی کی ٹیم نے چھاپہ ماری کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہفتہ کی صبح گجرات کے 4 ضلعوں آنند، کھیڑا، احمد آباد اور گودھرا میں 7 مقامات پر چھاپہ ماری کی گئی۔ حالانکہ ابھی تک یہ واضح نہیں ہوسکا ہے کہ اس چھاپہ ماری میں کیا کچھ نکل کر سامنے آیا ہے۔ اس سے قبل سی بی آئی نے جمعہ کو جھارکھنڈ میں اوئسس اسکول کے پرنسپل اور نائب پرنسپل کو طویل پوچھ گچھ کے بعد گرفتار کیا تھا۔ بعد میں انہیں سی بی آئی پٹنہ لے کر پہنچی اور تفتیش کے کام کو آگے بڑھانے کی کوشش ہو رہی ہے۔ سی بی آئی کے افسران نے......(بقیہ صفحہ 4 پر)

لداخ میں ٹینک حادثہ، 5 فوجی جوان شہید

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

لداخ کے دولت بیگ اولڈی علاقہ میں ایک المناک حادثہ پیش آیا ہے۔ دفاعی افسر کے مطابق علی الصباح تقریباً 3 بجے ٹینک کے ذریعہ دریا عبور کرنے کی مشق کے دوران آبی سطح میں اچانک اضافہ ہو گیا اور فوجی اہلکار اس کی زد میں آ گئے۔ اس حادثہ میں جے سی او (جونیئر کمیشنڈ آفیسر) سمیت فوج کے 5 جوان شہید ہو گئے، جبکہ ایک فوجی کو بچا لیا گیا۔ دراصل دولت بیگ اولڈی میں رات سے مشق جاری تھی اور فوج کے بہت سے ٹینک موقع پر موجود تھے۔ اس دوران لائن آف ایکچوئل کنٹرول (ایل اے سی) کے قریب ٹی-72 ٹینک سے رات کے وقت دریا کو کس طرح عبور کیا جائے، اس کی مشق جاری تھی۔ ایک رپورٹ کے مطابق مشق کے ایک حصہ کے طور پر جب ایک ٹینک نے دریا کو عبور کرنے کی کوشش کی تو اچانک دریا کا بہاؤ بڑھ گیا اور ٹینک بہہ گیا۔ بتایا جا رہا ہے کہ اس دوران ٹینک میں کل 4 سے 5 فوجی تھے۔ فی الحال ریسکیو آپریشن جاری ہے اور تفصیلات کا انتظار ہے۔ فوجی افسر کے مطابق 'دولت بیگ اولڈی کے علاقہ میں دریا عبور کرنے کی مشق کے دوران پیش آنے والے ایک حادثہ میں ایک جے سی او اور 4 فوجیوں سمیت ہندوستانی فوج کے 5 فوجی اہلکار شہید ہو گئے۔ پانچوں لاشیں نکال لی گئی ہیں۔ ٹینک کی بازیابی کے لیے بھی کوششیں جاری ہیں'۔ فوج اس بات کی بھی تحقیقات کر رہی ہے کہ پانی کی سطح اچانک کیسے بڑھ گئی۔ جس جگہ یہ حادثہ ہوا ہے اس پر ہندوستان اور چین کے درمیان کافی عرصہ سے کشیدگی چلی آ رہی ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے حادثہ پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ راج ناتھ سنگھ نے لکھا کہ 'میں لداخ میں دریا عبور کرتے ہوئے ایک بدقسمت حادثہ میں ہندوستانی فوج کے 5 بہادر جوانوں کی جانوں کے ضیاع پر بہت افسردہ ہوں۔ ہم اپنے بہادر جوانوں کی ملک کے لیے مثالی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ سوگوار خاندانوں سے میری دلی تعزیت۔ دکھ کی اس گھڑی میں پورا ملک ان کے ساتھ کھڑا ہے۔'

دریں اثنا کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے نے بھی جوانوں کی شہادت پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ایکس پر لکھا کہ 'لداخ میں ایک دریا عبور کرتے ہوئے ایک جے سی او سمیت 5 ہندوستانی فوج کے جوانوں کی جانوں کے ضیاع پر ہمیں بہت دکھ ہوا ہے۔

◀ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور کانگریس صدر ملکارجن کھرگے کا اظہار تعزیت

'اسپیکر نے اپنے عہدہ کے وقار کو مجروح کیا'

ممبئی، (ایجنسیاں)

این سی پی-ایس پی چیف شرد پوار نے ہفتہ کے روز اپنے ایک بیان میں لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ لوک سبھا میں تقریر کے دوران ایمرجنسی کا تذکرہ کرنا ٹھیک نہیں تھا، یہ ان کے عہدہ کا وقار مجروح کرنے والا عمل ہے۔ دراصل 18 ویں لوک سبھا میں نومنتخب اسپیکر اوم برلا نے سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کے ذریعہ 1975 میں لگائی گئی ایمرجنسی کو آئین پر حملہ قرار دیتے ہوئے ایک مذمتی تجویز پیش کی تھی۔ اپنی تقریر میں انہوں نے جو کچھ کہا، اس سے لوک سبھا میں کھلبلی مچ گئی تھی۔ راہل گاندھی نے اس مذمتی تجویز کو سیاست سے متاثر قرار دیا تھا اور کانگریس کے کئی لیڈران نے اوم برلا کی تقریر کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ آج شرد پوار نے بھی اس معاملے میں اپنی رائے لوگوں کے سامنے رکھی اور کہا کہ 'اسپیکر نے اپنے خطاب میں ایمرجنسی کا تذکرہ کر کے اپنے عہدہ کا وقار ختم کر دیا۔ ایمرجنسی کے 50 سال ہو چکے ہیں، اندرا گاندھی اب زندہ بھی نہیں ہیں۔ ایسے میں اسپیکر اب اس موضوع کو کیوں اٹھا رہے ہیں؟' شرد پوار نے اسپیکر کے سیاسی کردار پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ 'کیا اسپیکر کا کام سیاسی بیان دینا ہے؟ مجھے لگتا ہے کہ ان کا بیان نامناسب تھا۔ صدر جمہوریہ کی تقریر میں بھی اس موضوع کا مختصر تذکرہ تھا۔ یہ بھی ضروری نہیں تھا۔'

اس درمیان شرد پوار نے راہل گاندھی کو لوک سبھا میں حزب اختلاف کا لیڈر بنائے جانے کو بہترین قدم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ سب سے زیادہ اراکین والی پارٹی کو اپوزیشن کا لیڈر طے کرنے کا حق ہے، اس لیے راہل گاندھی کو اپوزیشن لیڈر منتخب کیا گیا۔ کانگریس کے اراکین پارلیمنٹ نے راہل گاندھی کو اپنا لیڈر بنانے کا فیصلہ کیا، ایک طرح سے یہ سیاست میں پس منظر والی نئی نسل کی نمائندگی ہے اور ایک اچھی کوشش کرنے کی خواہش ہے۔ مجھے یقین ہے کہ وہ چمکیں گے۔ شرد پوار نے بی جے پی کو لوک سبھا میں اس کو موجودہ حالات سے واقف کرانے کی بھی کوشش کی۔

بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ
STABILITY TRUST GROWTH
آر بی آئی ریگیولیٹیڈ اینٹائٹیز (آر ای)* کے خلاف اپنی شکایتوں کے ازالے کے لئے ان اقدام کو اپنائیں
1 سب سے پہلے آر ای کے پاس اپنی شکایت درج کروائیں
2 رسید / حوالہ نمبر حاصل کریں
3 اگر آر ای سے 30 دنوں میں کوئی وضاحت برآمد نہ ہو یا آپ اس سے مطمئن نہیں ہیں تو آر بی آئی کے سی ایم ایس پورٹل (cms.rbi.org.in) پر آر بی آئی کے اومبڈسمین یا سی آر پی سی کے پاس بذریعہ ڈاک اپنی شکایت درج کرواسکتے ہیں**
آر بی آئی کہتا ہے... جان کار بنیں، چوکنے رہیں!
آر بی آئی اومبڈسمین سے براہِ راست شکایت درج کروانے پر وہ نامنظور ہوسکتی ہے۔
مزید تفصیلات کے لئے، https://rbikehtahai.rbi.org.in/ios پر جائیں
فیڈبیک دینے کے لئے، rbikehtahai@rbi.org.in کو لکھیں
عوام کی فلاح کی خاطر جاری
ریزرو بینک آف انڈیا
RESERVE BANK OF INDIA
www.rbi.org.in
*بینک، غیر بینکنگ مالی کمپنیاں، ادائیگی کے طریقۂ کار پارٹیسپینٹس، پری پیڈ انسٹرومینٹس، کریڈٹ انفارمیشن کمپنیاں **سی آر پی سی: ریزرو بینک آف انڈیا، سیکٹر 17، چندی گڑھ - 160017.

قدرتی حُسن وجمال
نسرینا ہیر ٹانک بالوں کی جڑوں کو غذا پہنچا کر بالوں کو مضبوط کرتا ہے اور لمبا گھنا کرتا ہے۔
- بالوں کو نرم ملائم اور چمکدار بناتا ہے۔
- روسی کو دور کرتا ہے۔
- سر درد کو آرام دیتا ہے۔
21 قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار
نسرینا ہیر ٹانک
available at amazon
اسٹاکسٹ اور ایجنسی کے لیے رابطہ کریں
NASREENA HAIR TONIC
Distributor
ANAS TRADERS
Khalilabad, U.P. Ph.:09984036445
Mfd by: NEW ROYAL PRODUCTS Mob: 7678343147
Unique Identification Number DL/295AU/01/2024

برسوں سے آزمایا ہوا
اے۔جائیل® ہیلتھ ٹانک
تھکاوٹ وکمزوری سے رہیں دور
دن بھر تروتازگی سے رہیں بھرپور
گھر کے ہر فرد کے لئے نہایت مفید
A-GILE Herbal Health Tonic
UIN-DL/275AU/02/2024
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دہلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
For Trade Enquiry
GORAKHPUR 7905199088
Email: sanaherbals@gmail.com info@sanaherbals.com